# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 18 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ریلوے کا وزیرِ اعظم کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ نوجوانوں کو بیرونِ ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے بین الاقوامی نقل وحرکت و استعداد ادارہ قائم کرنے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتیوں کے آئندہ انتخابات بیلیٹ پیپر پر کروائے جائیں: کانگریس کا مطالبہ۔

☆ ضلع پریشد انتخابات کے انعقاد کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ پوری طرح تیار۔

اور۔۔۔☆ معروف تاریخ داں ڈاکٹر رام چندر مورونچیکر چل بسے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کو کل، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ کُل 823 مسافروں کی گنجائش رکھنے والی اس ریل گاڑی میں 16 جدید طرز کے کوچز ہیں۔ یہ ٹرین مالدہ ریلوے اسٹیشن سے ہاوڑہ- گوہاٹی اور کاماکھیا کے درمیان چلے گی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں وزیرِ اعظم نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

اس کے ساتھ ہی چار جدید امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو بھی وزیرِ اعظم نے سبز جھنڈی دکھائی۔ جن میں علی پور دوار- پنویل ایکسپریس بھی شامل ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے نوجوانوں کو بیرونِ ملک روزگار کے مواقع مہیا کرنے کی غرض سے مہاراشٹر میں جامع نقل وحرکت و استعداد ادارہ قائم کیا جائے گا۔ ریاستی کابینہ کے کل منعقدہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ ممبئی شہری حمل ونقل پروجیکٹ مرحلۂ دوم کیلئے نظرِ ثانی شدہ اخراجات کو بھی کابینی اجلاس میں منظوری دی گئی۔ شیوڑی- نھاوا شیوا اٹل سیتو کے ٹول ٹیکس میں مزید ایک برس کی رعایت دینے کا فیصلہ بھی کابینہ نے کیا۔ ممبئی شہر اور مضافات میں پولس افسران و ملازمین کیلئے 25 ہزار سرکاری رہائش گاہیں تعمیر کرنے کو بھی کل کابینہ کے اجلاس میں منظوری دی گئی۔ یاست میں سبزیوں کی برآمد کیلئے تھانہ ضلع کے موضع باپ گاؤں میں ملٹی مال ہب اور ٹرمینل تعمیر کیا جائے گا، اس کیلئے زرعی مارکیٹنگ کارپوریشن سات ہیکٹر زمین مہیا کرے گی۔ ایوت محل ضلع کے بیمبڑا ندی پروجیکٹ کیلئے چار ہزار 775 کروڑ روپئے کے فنڈ کو بھی اس اجلاس میں منظوری دی گئی۔

***** ***** *****

ممبئی میونسپل کارپوریشن انتخابات میں ملنے والی کامیابی کیلئے نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے بھارتیہ جنتا پارٹی کو مبارکباد دی ہے۔ وہ کل پونہ میں اخبار نویسوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ اجیت پوار نے کہا کہ پارٹی رہنماء ایک ساتھ بیٹھ کر ان انتخابات کے نتائج کا تجزیہ کریں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہر سیاسی جماعت رائے دہندگان کو اپنی جانب متوجہ کرنے کی کوشش کرتی ہے، تاہم بی جے پی نے اس میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کی۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے نے کہا ہے کہ بی جے پی نے کاغذات پر شیوسینا کو ختم کرنے میں کامیابی حاصل کر لی ہوگی لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں اور زمین پر وہ شیوسینا کو ختم نہیں کر سکتی۔ وہ کل ممبئی اور ریاست کے دیگر میونسپل کارپوریشنوں کے انتخابی نتائج کے تناظر میں اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ممبئی میونسپل کارپوریشن کیلئے پارٹی کے 65 میونسپل کونسلرز منتخب کرنے پر ممبئی کی عوام کا انھوں نے شکریہ ادا کیا۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے سینئر رہنماء اشوک عرف بھائی جگتاپ کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیے ہیں۔ میونسپل کارپوریشن انتخابات کے بعد بھائی جگتاپ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کانگریس کی ممبئی صدر ورشا گائیکواڑ کے استعفے کا مطالبہ کیا تھا۔ اس پر پارٹی نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ یہ بیان پارٹی کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے اور اس ضمن میں جاری کردہ نوٹس کا اندرونِ سات دن جواب دیا جائے، بہ صورتِ دیگر ان کے خلاف کارروائی کا انتباہ پارٹی نے دیا۔

***** ***** *****

کانگریس کے سابق ریاستی صدر رکنِ اسمبلی نانا پٹولے نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے آنے والے انتخابات بیلیٹ پیپر پر کروائے جائیں۔ اس خصوص میں پٹولے نے ریاستی انتخابی کمشنر اور وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کو ایک مکتوب ارسال کیا۔ جس میں کہا گیا ہے کہ حال ہی میں ہوئے میونسپل کارپوریشن انتخابات میں رائے دہی کا روبہ تنزل تناسب یہ ظاہر کرتا ہے کہ انتخابی عمل پر عوام کا اعتماد کم ہو رہا ہے۔

***** ***** *****

پونا میونسپل کارپوریشن انتخابات کے بعد راشٹروادی کانگریس اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ آئندہ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی انتخابات مل کر لڑیں گے۔ راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے ریاستی صدر ششی کانت شندے نے کل پونا میں صحیفہ نگاروں کو یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن انتخابات میں ہونے والی شکست کا خود جائزہ لیکر دونوں پارٹیاں نئی قوت سے آگے بڑھیں گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع پریشد انتخابات میں تقریباً پونے 19 لاکھ رائے دہندگان ووٹ ڈالیں گے۔ اس کیلئے دو ہزار دو سو سے زائد رائے دہی مراکز قائم کیے جائیں گے۔ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کل اس سلسلے میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے بتایا کہ ضلع میں 5 فروری کو ووٹنگ ہوگی اور اس کیلئے ضلع انتظامیہ پوری طرح تیار ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے انتخابات ایک ساتھ ہو رہے ہیں اس لیے ہر ووٹر کو دو ووٹ ڈالنا ہوگا اور اس کیلئے پانچ ہزار سے زائد ووٹنگ مشینیں درکار ہوں گی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی انتخابات کیلئے کل خواہشمند افراد نے کل ایک ہزار 93 امیدواری فارم حاصل کیے۔اس کے ساتھ ہی ضلع پریشد گروپ کیلئے چار اور پنچایت سمیتی انتخابات کیلئے ایک اس طرح مجموعی طور پر پانچ کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع پریشد اور 10 پنچایت سمیتیوں کے انتخابات کے تناظر میں ضلع کلکٹر اور ضلع ریٹرننگ افسر ورشا ٹھاکر گھوگے کی زیرِ صدارت کل سیاسی جماعتوں کے عہدیداروں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ریاستی انتخابی کمیشن کی جانب سے سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کیلئے فراہم کردہ رہنماء خطوط اور انتخابی عمل کے ضوابط سے تفصیلی طور پر ان سیاسی رہنماؤں کو آگاہ کیا گیا اور ان پر سختی سے عمل درآمد پر زور دیا گیا۔

***** ***** *****

ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے انتخابات کے سلسلے میں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے آڑ گاؤں میں کل شیوسینا کی جانب سے پیٹھن کے رکنِ اسمبلی ولاس بھومرے کی موجودگی میں کارکنوں کا ایک اجتماع منعقد کیا گیا۔اس موقع پر انتخابات سے متعلق بھومرے نے کارکنوں کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

معروف تاریخ داں، محقق اور مصنف رام چندر مورونچیکر کل مختصر علالت کے بعد چھترپتی سمبھاجی نگر میں چل بسے۔وہ 88 برس کے تھے۔عوامی ثقافت کے ارتقاء کا پانی کو تاریخ کا مرکز مان کر تحقیق کرنے والوں میں مورونچیکر کا نام سرِفہرست ہے۔پیٹھن کی کھدائی میں بھی انوھس نے اہم کردار کیا۔اس کے علاوہ مقبول ایلورہ فیسٹیول کے انعقاد کیلئے بھی مورونچیکر کا کلیدی کردار رہا۔ان کی آخری رسومات آج پرتاپ نگر شمشان بھومی میں ادا کی جائیگی۔

***** ***** *****

بیڑ شہر میں شری بنکٹ سوامی کالج کے نیشنل کیڈیٹس کور (NCC) کے دو رکیڈیٹس کا ملک کی بحری فوج میں انتخاب ہوا ہے۔سدیپ ارجن راننج اور کپل رام کرشن ناگر گوجے ان طلبہ کے نام ہیں۔ان دونوں طلبہ کا کل کالج انتظامیہ کی جانب سے استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ میں نافذ کرفیو میں کل رات سے رعایت کی گئی ہے۔دھنگر سماج کو درجِ فہرست قبائل کی فہرست میں شامل کرنے کیلئے ہونے والے احتجاج کے پیشِ نظر جالنہ اور عنبڑ میں کل کرفیو لگایا گیا تھا۔اس دوران کل پولس نے دھنگر سماج کے رہنماء دیپک بوراڑے کو حراست میں لیا تھا۔تاہم عدالت نے انھیں چند شرائط پر گھر جانے کی اجازت دے دی۔یہ اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچوں کی سیریز کا تیسرا اور فیصلہ کُن میچ آج اندور میں کھیلا جائے گا۔دوپہر ڈیڑھ بجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک ایک میچ جیت کر برابری پر ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم آٹھ اعشاریہ تین ڈگری سیلسیئس درجۂ حرارت گوندیا میں درج کیا گیا۔اس کے بعد ناگپور میں 10 اعشاریہ دو؛ اور جلگاؤں میں 10.5 ڈگری درجۂ حرارت ریکارڈ ہوا۔تاہم مراٹھواڑہ میں گذشتہ دو دنوں سے درجۂ حرارت میں اضافہ ہوا ہے۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...

☆ ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ریلوے کا وزیرِ اعظم کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ نوجوانوں کو بیرونِ ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے بین الاقوامی نقل و حرکت و استعداد ادارہ قائم کرنے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتیوں کے آئندہ انتخابات بیلیٹ پیپر پر کروائے جائیں: کانگریس کا مطالبہ۔

☆ ضلع پریشد انتخابات کے انعقاد کیلئے چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع انتظامیہ پوری طرح تیار۔

اور۔۔۔☆ معروف تاریخ داں ڈاکٹر رام چندر مورونچیکر چل بسے۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****